اسلامک جنرل نالج ورکشاپ

اس ورکشاپ کا آغاز ۳۱رمئی ۲۰۰۴ء کو قرآن کالج آف آرٹس اینڈ سائنس ۱۹۱۔اتاترک بلاک نیو گارڈن ٹاؤن لاہور میں ہوا تا کہ میٹرک کے امتحانات سے فارغ طلبہ اس سے استفادہ کرسکیں۔ اس ورکشاپ میں مندرجہ ذیل مضامین کی تدریس ہوئی۔ تجوید و ناظرہ' مطالعہ قرآن' مطالعہ حدیث' تعارف ارکان اسلام ومسائل نماز' کمپیوٹر EDP' بنیادی انگلش گرامر پر خصوصی لیکچر۔

۹ جون ۲۰۰۴ء کو محترم انوار الحق چوہدری ناظم شعبہ خط وکتابت کورسز' قرآن اکیڈمی نے اس کلاس سے خطاب فرمایا۔ موصوف کے خطاب کے اہم نکات درج ذیل ہیں:

عزیز طلبہ!

مجھے خوشی ہے کہ اس کورس کے ختم ہونے سے پہلے مجھے آپ سے چند باتیں کرنے کا موقع ملا ہے۔ میں آپ کے والدین اور آپ کو مبارک باد دیتا ہوں کہ انہوں نے آپ کو میٹرک کے امتحانات کے بعد فارغ وقت سے فائدہ اٹھانے کے لئے اس کورس میں داخل کروایا۔ اور آپ نے گرمی کے اس موسم میں محنت سے پڑھا اور قرآن حکیم' عربی گرامر' تجوید' نماز وغیرہ جیسے اہم امور سیکھے۔

اب آپ کے جانے سے پہلے میں دو تین ضروری باتیں آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔ دنیا کی یہ زندگی عارضی ہے۔ ہر کوئی جو یہاں پیدا ہوا ہے اس نے ایک دن یہاں سے جانا ہے۔ آگے جا کر حساب کتاب ہونا ہے۔ نیک اعمال کی وجہ سے یا تو ابدی جنت ملے گی یا پھر دوزخ کی آگ میں پھینک دیا جائے گا۔ ہمیں اس عارضی زندگی میں نیک اعمال کر کے جنت میں جانے کی کوشش کرنا چاہئے۔

انسان کے لئے سب سے بڑی نعمت قرآن حکیم ہے۔ اس کی حفاظت کا وعدہ اللہ نے کیا ہے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں' قرآن مجید عربی میں نازل ہوا ہے اور عربی ہمیں آتی نہیں۔ اس لئے ہم قرآن مجید کو سمجھ نہیں سکتے' اور جب سمجھ نہیں سکتے تو اس پر عمل کیسے کریں گے؟ اس لئے ضروری ہے کہ ہم قرآن مجید کا ترجمہ سیکھیں تا کہ اس پر عمل کرسکیں۔ انجمن خدام القرآن نے

طلبہ کے لئے قرآن مجید کا ترجمہ سیکھنے کی غرض سے ایک آسان کورس ترتیب دیا ہے' جو کہ خط و کتابت کورسز کے ذریعے طلبہ و طالبات کو گھر بیٹھے کرایا جاتا ہے۔ جو طالب علم اردو پڑھ لکھ سکتا ہو وہ اس کورس کو آسانی سے کرسکتا ہے۔

اگر آپ دس پندرہ منٹ روزانہ اس کورس پر صرف کریں تو دس پندرہ دن میں آپ پورے قرآن مجید کا ترجمہ کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ اس کورس کے لئے نہ تو ٹیوٹر رکھنے کی اور نہ ہی گھر سے باہر جانے کی ضرورت ہے۔ اس کورس میں حافظ نذر احمد صاحب کا ترجمہ follow کیا جاتا ہے اور امتحان پاس کرنے پر سند جاری کی جاتی ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ اس کورس سے آسان' سائنٹیفک اور سستا کوئی اور کورس نہیں ہے تو غلط نہ ہوگا۔

اس کورس میں داخلہ کے لئے کوئی تاریخ مقرر نہیں' بلکہ یہ ایک open کورس ہے' آپ جب چاہیں اس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ میرا یہ ذاتی تجربہ و مشاہدہ ہے کہ جو طالب علم بچپن میں قرآن مجید ناظرہ یا حفظ یاد کرتے ہیں یا اس کا ترجمہ سیکھتے ہیں وہی کامیاب ہوتے ہیں۔ جو یہ کہتے ہیں کہ بڑے ہو کر قرآن مجید سیکھ لیں گے وہ کبھی نہیں سیکھ سکتے۔ اس لئے آپ اس موقع سے جلد از جلد فائدہ اٹھائیں۔

قرآن کالج: آپ نے ایک ماہ قرآن کالج میں جنرل نالج ورک شاپ اٹنڈ کی ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ قرآن کالج میں دینی اور دنیاوی تعلیم ساتھ ساتھ دی جاتی ہے جو اور کسی کالج میں نہیں دی جاتی۔ یہاں ہوسٹل کی سہولت بھی ہے اور ڈسپلن بھی معیاری ہے۔ شام کے اوقات میں ہوم ورک کلاس کا اہتمام بھی ہے۔ اس لئے آپ میٹرک کا نتیجہ نکلنے کے بعد اس کالج میں داخلہ لیں تاکہ دین اور دنیا کی کامیابی حاصل کرسکیں۔ اس کالج میں فیس بھی دوسرے پرائیویٹ کالجز کی نسبت کم ہے۔

ترجمہ قرآن کریم کورس شعبہ خط و کتابت کورسز قرآن اکیڈمی ۳۶۔کے ماڈل ٹاؤن سے کرایا جاتا ہے۔ وہاں پر اس شعبہ کا دفتر بھی ہے۔ میرا دفتر بھی وہیں ہے۔ پراسپکٹس پر فون نمبر بھی دیا گیا ہے۔ اگر آپ اس کورس کے بارے میں بعد میں مزید معلومات لینا چاہیں تو فون پر رابطہ کریں' کوئی مشورہ کرنا ہو یا قرآن کے بارے میں کوئی information چاہئے ہو تو مجھ سے ذاتی طور پر دفتر کے اوقات میں ملیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حافظ و ناصر ہو اور آپ کو زندگی میں کامیابی عطا فرمائے۔

آخر میں شرکائے کلاس میں ترجمہ قرآن کریم کورس کے پراسپکٹس اور داخلہ فارم تقسیم کئے گئے۔ OO